Chicago Public Schools

30 اپریل، 2020

محترم خاندان،

مورخہ 17 اپریل کو، گورنر پریٹزکر(Pritzker) نے اعلان کیا کہ الینوائے کے تمام سکولز میں تعلیمی سال 2019-2020 کے اختتام تک ذاتی طور پر تدریس کا عمل معطل کر دیا جائے گا۔ یہ ایک مشکل خبر تھی، لیکن ہم الینوائے کے تمام شہریوں کی صحت اور سیفٹی کے تحفظ کے لیے گورنر کے فیصلے کی تائید کرتے ہیں۔

چونکہ بالمشافہ تدریس اس سال کے لیے اختتام پذیر ہو گئی ہے، فاصلاتی تعلیم مکمل زوروں پر ہے، اور ہمارے اساتذہ آپ کے بچوں کو کلاس روم جیسی یکساں اعلی معیاری تعلیم فراہم کرنے کے لیے اپنی بہترین کوشش کر رہے ہیں۔ آج، ہم آپ کو چوتھی سہ ماہی میں آپ کے بچے کو گریڈ کرنے کے طریقے، نیز اگلے گریڈ لیول میں پروموشن اور گریجوئیشن کے حوالے سے بورڈ آف ایجوکیشن کے لیے تجاویز کے ضمن میں اپ ڈیٹ دینے کے لیے لکھ رہے ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ یہ معلومات اس مشکل وقت کے دوران لچکداری فراہم کرتے ہوئے سکول کے آخری دو مہینوں کے دوران بچوں کی مشغولیت کو برقرار رکھنے میں مددگار ہو گی۔

**<u>ایلمنٹری طلباء کے لیے گریڈنگ اور پروموشن</u>**

ہم COVID-19 کی عوامی صحت کی ایمرجنسی کی وجہ سے ہمارے طلباء اور خاندان کو درپیش چیلنجز کو سمجھتے ہیں، اور **ہم بورڈ آف ایجوکیشن کو پروموشن پالیسی کے حوالے سے ترمیم کار منظور کرنے کے لیے تجویز دے رہے ہیں جس سے موسم خزاں میں تمام ایلمنٹری سکول کے طلباء کو اگلے گریڈ میں ترقی دے دی جائے گی۔** طلبا کے کام کو بہتری یا اپنے تیسری سہ ماہی کے گریڈز کو برقرار رکھنے کے لیے گریڈ کرنے کے دوران، کسی بھی طالب علم کو چوتھی سہ ماہی کے ایسے گریڈ موصول نہیں ہوں گے جو کہ ان کے تیسری سہ ماہی کے گریڈ سے کم تر ہوں۔ طلباء کی سخت محنت کا صلہ دینے کو یقینی بنانے کے لیے لچکداری فراہم کرنے کے علاوہ، طلباء درج ذیل معیار کے مطابق یا تو لیٹر گریڈ، پاس، یا نا مکمل وصول کریں گے:

| سہ ماہی 4 (Q4) ٹرانسکرپٹ گریڈ | اہلیت |
|---|---|
| لیٹر گریڈ | • Q4 گریڈ حاصل کر لیا ہے جو کہ طالب علم کے Q3 گریڈ کے مساوی یا تجاوز کر گیا ہے |
| پاس (P)<br>*GPA* متاثر نہیں ہوا۔ | • ڈیجیٹل تدریس میں شرکت کی اور Q3 گریڈ سے کم Q4 گریڈ حاصل کیا<br>• ڈیجیٹل تدریس تک رسائی حاصل نہیں ہے لیکن پرنٹ شدہ ورک پیکٹس کو مکمل کر لیا |
| نامکمل (/)<br>*GPA* متاثر نہیں ہوا۔ سمر سکول کے لیے طالب علم کو ترجیح دی جائے گی اگر یہ تعین کیا جائے کہ اس سال سمر سکول کا انعقاد کیا جا سکتا ہے۔ | • ڈیجیٹل تدریس تک کوئی رسائی نہیں اور پرنٹ شدہ ورک پیکٹس کو مکمل نہیں کیا یا ٹیچر کے ساتھ شریک نہیں ہوا<br>• ڈیجیٹل تدریس تک رسائی حاصل کی اور Q4 میں F حاصل کیا |

**GPAs، پروموشن، اور گریجوئیشن برائے ہائی اسکول طلباء**

ہائی سکول ترمیم شدہ سمسٹر پر مبنی گریڈنگ سسٹم استعمال کرے گا جو کہ طالب علم کو اپنا GPA بہتر کرنے کے لیے موقع فراہم کرتا ہے، جو کہ ان طلباء کے لیے اہمیت رکھتا ہے جو پوسٹ سیکنڈری تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ گریڈنگ سسٹم ان طلبا ء کی تعلیمی حیثیت کو بھی تحفظ دے گا جنہوں نے چوتھی سہ ماہی میں کمتر گریڈ حاصل کیا ہو۔ ڈسٹرکٹ کا نظرثانی شدہ گریڈنگ نظام اب طالب علموں کو ایک لیٹر گریڈ حاصل کرنے کے لئے سمسٹر گریڈ بہتر بنانے کے لئے اجازت دے گا۔ ہائی اسکول کی سطح پر، طلباء درج ذیل معیار کی بنیاد پر یا تو ایک لیٹر گریڈ، پاس، یا نامکمل کو وصول پائے گا:

| سمسٹر 2 (S2) ٹرانسکرپٹ گریڈ | اہلیت |
|---|---|
| لیٹر گریڈ | • مجموعاً S2 گریڈ حاصل کر لیا ہے جو کہ طالب علم کے Q3 گریڈ کے مساوی یا متجاوز کر گیا ہے |
| پاس (P)<br>*GPA* متاثر نہیں ہوا۔ طالب علم کریڈٹ کماتا ہے۔ | • ڈیجیٹل تدریس میں شرکت کی اور Q3 گریڈ سے کم مجموعاً S2 پاس گریڈ حاصل کیا<br>• ڈیجیٹل تدریس تک رسائی حاصل نہیں ہے لیکن پرنٹ شدہ ورک پیکٹس کو مکمل کر لیا |
| نامکمل (/)<br>*GPA* متاثر نہیں ہوا۔ طالب علم کریڈٹ نہیں کماتا اور گریجوئیشن کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے کریڈٹ ریکوری میں شمولیت کے موقع کی پیشکش کی جاتی ہے۔ | • ڈیجیٹل تدریس تک کوئی رسائی نہیں اور پرنٹ شدہ ورک پیکٹس کو مکمل نہیں کیا یا ٹیچر کے ساتھ شریک نہیں ہوا<br>• ڈیجیٹل تدریس تک رسائی حاصل کی اور S2 میں مجموعاً F حاصل کیا |

ڈسٹرکٹ یہ بھی تجویز کرے گا کہ بورڈ اس سال کے سینئرز کے لیے درج ذیل نان کریڈٹ گریجوئیشن کے تقاضوں سے دستبردار کر دے: سروس لرننگ، ریاستی مختار کردہ جائزہ(SAT/DLM-AA) ، آئین کا ٹیسٹ، مالی خواندگی، اور کمپیوٹر سائنس۔

**ہماری گریڈنگ، پروموشن، اور گریجویشن کی ضروریات کے ایک مکمل جائزے کے لئے، براہ کرم ہماری تفصیلی والدین کے لیے گریڈنگ کی رہنمائی دیکھیں۔**

**طلباء اور خاندانوں کی مشغولیت اور تعلیمی سال کی معیاری تکمیل کو یقینی بنانا**

طلبا کو مشغول رکھنے اور انہیں باقاعدگی کے احساس کی تاکید کرنا ان کی صحت اور فلاح و بہبود کے لیے اہمیت کا حامل ہے اور یہ یقینی بناتا ہے کہ طلباء تعلیمی پیش رفت کو جاری رکھ سکتے ہیں۔ ہم نے مختلف پیمانوں کے ذریعے طلبا کی مشغولیت کی نگرانی کرنے کے ضمن میں سکول کی مدد کرنے کے لیے پروٹوکول تیار کیا ہے، بشمول ان طلباء کے لیے باقاعدہ ٹیچر چیک انز جنہیں اضافی رہنمائی کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ تاہم، ہم بچوں کو مصروف رکھنے کے ضمن میں ایک معمول بنانے کے لئے ان کے اسکول کے ساتھ کام کرنے کے لیے اہل خانہ سے تقاضا کرتے ہیں۔ اساتذہ معمول کے مطابق اسی شرح کے ساتھ گریڈز کو پوسٹ کرنا

جاری رکھیں گے۔ براہ کرم اپنے بچے کی پیش رفت کی نگرانی کرنے کے لیے والدین کا پورٹل استعمال کریں۔ والدین کے پورٹل کے ضمن میں مزید معلومات کے لیے یہاں کلک کریں اور سوالات کے ہمراہ اپنے بچے کے سکول سے رابطہ کریں۔

اب جبکہ ہم نے آپ کے لیے اسے چوتھی سہ ماہی تصور نہیں کیا، تو تعلیمی سال ابھی گزرا نہیں ہے۔ معلمین تدریس جاری رکھیں گے۔ طلبا سیکھنا جاری رکھیں گے۔ تعلیم کا اہم کام نہیں رکے گا۔

آخر میں، 2020 کی کلاس کے لیے ہم انتہائی معذرت خواہ ہیں کہ آپ اپنے دوستوں اور خاندان کے ساتھ پرام اور گریجوئیشن کی تقاریب منانے کے قابل نہیں ہوں گے۔ ہم بدستور پر امید ہیں کہ اگر گورنر گھر پر رہنے کے آرڈر کو اٹھا لیتے ہیں اور عوامی صحت کے ماہرین اس موسم گرما میں بڑے گروپس کی شکل میں اکٹھے ہونے کو مناسب سمجھتے ہیں، تو سکول کی کمیونٹیز آپ کی کامیابیوں کو منانے کے لیے راستہ تلاش کریں گی۔

ہم آپ کے تحمل اور افہام و تفہیم کی قدر کرتے ہیں۔ ہم باقی ماندہ تعلیمی سال کے دوران باقاعدگی سے آپ کو اپ ڈیٹ کرنا جاری رکھیں گے۔

جینس کے جیکسن (Janice K. Jackson)، EdD
چیف ایگزیکٹو آفیسر
شکاگو پبلک سکولز

لاتانیا ڈی میک ڈیڈ(LaTanya D. McDade)
چیف ایجوکیشن آفیسر
شکاگو پبلک سکولز